A Publication of Majlis Khuddamul Ahmadiyya Canada
JULY 2026

AN NIDA

Importance of Serving Jama'at



AN-NIDA
MAGAZINE
A publication of MKAC - Since 1989

Holy Quran

Hadith

06
Promised Messiah[as]


07
Guidance from
Huzoor Anwar[aa]

CONTENTS



Khidmat: The Defining Characteristic of a Khadim



Continuous Revelation and Divine Support — A Clear Proof of the Truthfulness of the Promised Messiah (as)

Publication Team

Sadr Majlis
Murabbi Shahrukh Rizwan Abid

Chief Editor
Murabbi Abdul Noor Abid

English Editor
Abdal Ahmad Mangat

Muhtamim Isha'at
Murabbi Rezwan Mohammad

Review Board
Murabbi Sadiq Ahmed

Urdu Editor
Hasoor Ahmad Eqan

Lead Designer
Hannan Ahmad Qureshi

Content & Creative Team
Ataul-Karim Gohar
Asad Ali Malik
Samar Faraz Khawaja
Frasat Ahmad Basharat
Hazqeel Khan

HOLY

QURAN

وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۪ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ
وَالْعُدْوَانِ ۪ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ

And help one another in righteousness and piety; but help not one another in sin and transgression. And fear Allah; surely, Allah is severe in punishment.

(The Holy Quran 5:3)

HADITH

عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ
" سَدِّدُوا وَقَارِبُوا، وَاعْلَمُوا أَنْ لَنْ يُدْخِلَ أَحَدَكُمْ عَمَلُهُ
الْجَنَّةَ، وَأَنَّ أَحَبَّ الأَعْمَالِ أَدْوَمُهَا إِلَى اللَّهِ، وَإِنْ قلَّ "

Allah's Messenger (peace be upon him) said, "Do good deeds properly, sincerely and moderately and know that your deeds will not make you enter Paradise, and that the most beloved deed to Allah is the most regular and constant even if it were little."

Sahih al-Bukhari 6464

EXCERPT

PROMISED MESSIAH عليه السلام

"In summary, although many people desire to have children, this is not so that they will become servants of the Faith, but only to produce a worldly heir. Then, when a child is born, due concern is not shown to train them, nor are they corrected in their beliefs or set right in terms of their moral state. Remember, such a one cannot be sound in their faith who does not understand the responsibility they owe to their nearest relations. When someone is failing in this respect, how can it be expected that they will do other virtues? "

Malfuzat, vol. 4, p. 39

GUIDANCE FROM

HUZOOR ANWAR

MAY ALLAH BE HIS HELPER

"Thus, under God's command, strive for your faith in such a way that Satan is driven away, but never do it so that you may be praised... Then [having worked], do not consider yourselves to have conferred a favour upon God; do not follow a path of favour followed by injury. Serve Islam through every possible means. Do not act as benefactors, rather render service; this alone should be your sentiment: to please God."

(Friday Sermon, Dec. 2025 ,10)

محمود کر کے چھوڑیں گے ہم حق کو آشکار
روئے زمیں کو خواہ ہلانا پڑے ہمیں

"We shall manifest the truth to the world, even if we have to ruffle and startle the Earth."



Khidmat: The Defining Characteristic of a Khadim

Written by:
Adil Sami (Western Calgary)

“The most beloved people to Allah are those who are most beneficial to mankind.”— Holy Prophet Muhammad (sa) (al-Mu‘jam al-Awsat)

The word Khadim means ‘one who serves.’ Although the definition is simple, the responsibility it carries is profound. A Khadim is entrusted with dedicating his time, abilities and resources to the service of Allah, His faith, and His creation. His goal is not recognition or personal distinction but the attainment of Allah’s pleasure through sincere and selfless service. Khidmat therefore is not merely an activity undertaken on special occasions; it is a way of life that shapes a believer’s thoughts, character, and actions.

The life of the Holy Prophet Muhammad (sa) is the finest example of Khidmat. Despite being the Leader of mankind, he personally took part in the construction of Masjid Nabawi, served his family, visited the sick, comforted the distressed and shared every hardship with his Companions. Through his blessed example, he taught that the greatest among people are those who humble themselves in the service of others.

The Holy Qur’an repeatedly links faith with righteous deeds and compassion towards humanity. Every act of service performed solely for the pleasure of Allah becomes an act of worship. Whether assisting one’s parents, helping a neighbour, volunteering for the Jama’at, or supporting those in need, every sincere effort contributes towards building a compassionate society founded upon Islamic values.

When Hazrat Mirza Bashir-ud-Din Mahmud Ahmad (ra) established Majlis Khuddam-ul-Ahmadiyya in 1938, he outlined the very purpose of the organization while addressing members in his Friday Sermon of 1 April 1938 following its establishment. Huzoor (ra) explained, ‘Khuddam-ul-Ahmadiyya means a serving group of Ahmadis. You are the servants of the whole of mankind but from among the Ahmadis.’ This timeless guidance reminds every Khadim that his service is never restricted by race, nationality, or social status. Rather, it encompasses all of humanity.

In his guidance to the first generation of Khuddam, Hazrat Musleh-e-Maud (ra) further emphasized that a true believer does

not choose only those responsibilities that are convenient or prestigious. Every duty entrusted by the Jama'at deserves equal sincerity and excellence. Whether one is delivering a speech, arranging chairs, directing traffic, cleaning the mosque, or quietly helping a brother in need, each responsibility carries honour when it is performed solely for the sake of Allah.

Hazrat Khalifatul Masih V (aba), in his addresses to Majlis Khuddam-ul-Ahmadiyya over the years, has consistently reminded Khuddam that they are ambassadors of Islam wherever they go. Huzoor (aba) has emphasized that people should recognize the beauty of Islam through the conduct of Ahmadis. Honesty, humility, discipline, respect for parents, obedience to Khilafat, excellence in one's profession, and service to humanity are qualities that should distinguish every Khadim.

Khidmat begins with personal reformation. A person cannot effectively serve others without first strengthening his own relationship with Allah. Regular Salat, recitation of the Holy Qur'an, sincere prayer, financial sacrifice, and constant self-assessment develop the spiritual foundation required for meaningful service. As one›s relationship with Allah grows stronger, so does one's compassion for His creation.

Every generation benefits from the sacrifices of those who came before. The mosques we worship in, the educational institutions we benefit from, the humanitarian projects undertaken by the Jama'at, and the worldwide progress of Ahmadiyyat are all the result of countless individuals who served quietly and sincerely without expecting praise. Their legacy places a trust upon today›s Khuddam to continue serving with the same humility and dedication.

Ultimately, the measure of a Khadim is not the office he holds but the sincerity of his intentions, the purity of his character, and the consistency of his service. When Khidmat becomes a lifelong commitment rather than an occasional duty, a Khadim fulfils the noble objective for which Majlis Khuddam-ul-Ahmadiyya was established. May Allah enable every Khadim to embody this spirit of service, remain devoted to Khilafat, and become a source of benefit for faith, humanity, and society. Ameen

"I truthfully say that valuable and worthy in the sight of God is the one who is a servant of the faith and beneficial to mankind. Otherwise, God does not care if such people die like dogs and sheep."

Malfuzat, Vol. 2, p. 42

Continuous Revelation and Divine Support — A Clear Pro of of the Truthfulness of the Promised Messiah (as)

By Naseer Mansoor (Prairie)

ظہورِ مہدیِ آخر الزمان ہے
سنبھل جاؤ کہ وقتِ امتحان ہے
اگر پوچھے کوئی عیسیٰ کہاں ہے
تو کہہ دو اُس کا مسکن قادیان ہے

(The appearance of the Promised Mahdi of the latter days has occurred; be mindful, for this is a time of trial. If someone asks where the Messiah is, say that his abode is Qadian.)

The distinction between truth and falsehood has always been a fundamental question in human history. In every age, people have made claims, yet only those have proven truthful who were supported by God, who were spoken to by Him, and in whose favor heavenly signs were manifested.

Islam teaches us a profound principle: God is Living. He listens to His servants, speaks to them, and guides His chosen ones. It is through this criterion that we evaluate the truthfulness of any claimant appointed by God.

In light of this principle, we examine the life of the Promised Messiah, Mirza Ghulam Ahmad (as), and observe how continuous revelation and divine support stand as clear and undeniable proof of his truthfulness.

Early Revelations and Divine Promises

From an early age, God Almighty began to speak to him and granted him glad tidings. Around 1865, he received the revelation:

ثَمَانِيْنَ حَوْلًا اَوْ قَرِيْبًا مِّنْ ذَالِکَ۔ اَوْتَزِيْدُ عَلَيْهِ سِنِيْنًا۔ وَتَرٰى نَسْلًا بَعِيْدًا

(Your age will reach eighty years or close to it, or slightly more; and you will live long enough to see a distant generation.)

(Arba'een No. 3, Ruhani Khazain, Vol. 17; Appendix Tohfa Golarviya)

He was also given the glad tidings:

"People of authority and kings will enter your fold... even kings will seek blessings from your garments."

(Barakat-ud-Du'a, Ruhani Khazain, Vol. 6, p. 35; Tajalliyat-e-Ilahiyyah, Ruhani Khazain, Vol. 20, p. 409)

Divine Comfort and Support in Trials

During severe illness, he received:

وَ اَمَّا مَا يَنْفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِى الْاَرْضِ

(That which benefits mankind remains on the earth.)

(Al-Hakam)

At the time of his father's demise, he was reassured with:

"اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ"

(Is Allah not sufficient for His servant?)

(Kitab-ul-Bariyyah, Ruhani Khazain)

He was also promised:

میں تیری ساری دعائیں قبول کروں گا

(I will accept all your prayers.)

(Haqiqat-ul-Wahi)

Miraculous Healing and Signs

In a life-threatening illness, he was taught the prayer:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

(Holy is Allah and worthy of all praise; Holy is Allah, the Great. O Allah, send blessings upon Muhammad and the family of Muhammad.)

After acting upon this, he was cured and received:

"وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِشِفَآءٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ"

(If you are in doubt about this sign of healing, then produce a similar cure.)

(Tiryaq-ul-Quloob)

Spiritual Rank and Qur'anic Knowledge

He received the revelation:

اَلرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْآنَ ... وَ اَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ

(The Gracious God has taught the Qur'an... and I am the foremost of the believers.)

(Kitab-ul-Bariyyah; Zaroorat-ul-Imam)

Revelations in Multiple Languages

Among the remarkable signs were revelations in English:
"I love you"
"I am with you"
"I shall help you"
"We can do what we will"

(Barahin-e-Ahmadiyya, Part IV)

He also received:
"Though all men should be angry, God is with you, He shall help you, words of God cannot change."

(Barahin-e-Ahmadiyya, Part IV)

The Miracle of Khutbah Ilhamiyyah

On 11 April 1900, he received:

كَلَامٌ أُفْصِحَتْ مِنْ لَّدُنْ رَبٍّ كَرِيْمٍ

(A discourse made eloquent from the presence of a Noble Lord.)

He then delivered a powerful Arabic sermon spontaneously, known as Khutbah Ilhamiyyah, which was beyond human ability.

(Haqiqat-ul-Wahi, Ruhani Khazain, Vol. 22, pp. 376–375)

When we reflect upon these revelations and signs, it becomes clear that the life of the Promised Messiah (as) was filled with continuous communication with God.

From early visions to later great signs, every step demonstrates divine guidance and support.

Whether it was:

"اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ" (Is Allah not sufficient for His servant?)

or the prophecy of long life,

or the assurance "اِنِّیْ رَافِعُکَ اِلَیَّ" (I will raise you towards Myself),

or the repeated promise of divine help—all these stands as undeniable proof that this was not a human claim, but the voice of a Living God.

Therefore:

Continuous revelation, fulfilled prophecies, acceptance of prayers, and divine support at every step — all together form clear and undeniable proof of the truthfulness of the Promised Messiah (as).

May Allah enable us to recognize and accept the truth.

وَآخِرُ دَعْوَانَا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ

(And our final prayer is: All praise belongs to Allah, Lord of all the worlds.)

مجلس خدام الاحمدیہ کینیڈا کا ماہوار رسالہ
جولائی 2026

النداء

خدمتِ دین کی اہمیت

AN-NIDA
MAGAZINE
مجلہ النداء شائع کردہ مجلس خدام الاحمدیہ کینیڈا سنہ ۱۹۸۹


خدمتِ دین کو اِک
فضلِ الٰہی جانو
اس کے بدلے میں کبھی
طالب انعام نہ ہو
خدمتِ دین کے لئے کیا طریق اپنائے جا سکتے ہیں
تبلیغ
وقت
مال
طاقت اور جان

04
قال اللّٰہ

05
قال الرسول ﷺ

06
کلام الامام
امام الکلام

07
فرمان خلیفۂ
وقت

فہرست

09 جماعت کی خدمت کی اہمیت

اشاعت ٹیم

صدر مجلس
شاہ رخ رضوان عابد صاحب مربی سلسلہ

مُدیر اعلیٰ
عبد النور عابد صاحب مربی سلسلہ

مدیر اردو
حصور احمد ایقان صاحب

مہتمم اشاعت
رضوان محمد صاحب مربی سلسلہ

مدیر انگریزی
ابدال احمد مانگٹ صاحب

ریویو بورڈ ٹیم ممبران
صادق احمد صاحب مربی سلسلہ

ٹیم ممبران
عطاء الکریم گوہر صاحب
اسد علی ملک صاحب
ثمر فراز خواجہ صاحب
فراست احمد بشارت صاحب

ڈیزائن
حنان احمد قریشی صاحب

قال اللہ

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ
بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ
ؕ وَلَوْ اٰمَنَ اَهْلُ الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ مِنْهُمُ
الْمُؤْمِنُوْنَ وَاَكْثَرُهُمُ الْفٰسِقُوْنَ

تم بہترین امّت ہو جو تمام انسانوں کے فائدہ کے لئے نکالی گئی ہو۔ تم اچھی باتوں کا حکم دیتے ہو اور بری باتوں سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان لاتے ہو۔ اور اگر اہل کتاب بھی ایمان لے آتے تو یہ ان کے لئے بہت بہتر ہوتا۔ ان میں مومن بھی ہیں مگر اکثر ان میں سے فاسق لوگ ہیں۔

(سورۃ آلِ عمران، آیت 111)

قال الرسول صلى الله عليه وسلم

عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ وَالْغَدْوَةَ يَغْدُوهَا الْعَبْدُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سہل بن سعدؓ ساعدی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بندہ جو اللہ کی راہ میں صبح کو جاتا ہے وہ دنیا اور جو کچھ اس میں ہے سے بہتر ہے۔

(صحيح مسلم كتاب الإمارة، باب 30، حديث 3479)

کلام الامام امام الکلام

فرمان حضرت مسیح موعودؑ

یہ سلسلہ بیعت محض بمراد فراہمی طائفہ متقین یعنی تقویٰ

شعار لوگوں کی جماعت کے جمع کرنے کے لیے ہے تا ایسے متقیوں کا ایک بھاری گروہ دنیا پر اپنا نیک اثر ڈالے اور ان کا اتفاق اسلام کے لیے برکت و عظمت و نتائج خیر کا موجب ہو اور وہ بہ برکت کلمہ واحدہ پر متفق ہونے کے اسلام کی پاک و مقدس خدمات میں جلد کام آسکیں اور ایک کاہل اور بخیل و بے مصرف مسلمان نہ ہوں اور نہ ان نالائق لوگوں کی طرح جنہوں نے اپنے تفرقہ و نااتفاقی کی وجہ سے اسلام کو سخت نقصان پہنچایا ہے

(ازالہ اوہام، روحانی خزائن جلد 3 صفحہ 561)

فرمان خلیفہ وقت

تو یہ جماعت احمدیہ کا ہی خاصہ ہے کہ جس حد تک توفیق ہے خدمت خلق کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتی ہے اور جو وسائل میسر ہیں ان کے اندر رہ کر جتنی خدمت خلق اور خدمت انسانیت ہو سکتی ہے کرتے ہیں، انفرادی طور پر بھی اور جماعتی طور پر بھی۔ تو احباب جماعت کو جس حد تک توفیق ہے بھوک مٹانے کے لئے، غریبوں کے علاج کے لئے تعلیمی امداد کے لئے، غریبوں کی شادیوں کے لئے، جماعتی نظام کے تحت مدد میں شامل ہو کر بھی عہد بیعت کو نبھاتے بھی ہیں اور نبھانا چاہئے بھی۔

(خطبات مسرور جلد اول، صفحہ 318)

حضرت خلیفتہ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ

پس جماعت کی ذمہ داریاں بڑھ رہی ہیں۔نوجوانوں کو چاہئے کہ اپنے آپ کو دین کی خدمت کے لئے وقف کریں۔۔۔نوجوانوں میں دین کا شوق پیدا کیا جائے اور وہ پہلے سے تیاری کر لیں تاکہ جب سلسلہ کے پھیلانے کے دن آئیں یہ تیاری ہمارے کام آسکے اور جس جس قربانی کی بھی اشاعت اسلام کے لئے ضرورت ہو ہم اس سے دریغ نہ کریں اور ہم پہلی قوموں سے اچھا نمونہ دکھانے کی کوشش کریں۔

(مشعل راہ جلد اول، صفحہ 349)

جماعت کی خدمت کی اہمیت

تحریر ازارسلان احمد

اللہ تعالیٰ کا بہت فضل و احسان ہے کہ ہم ایک ایسی جماعت سے تعلق رکھتے ہیں جس کی بنیاد خدا تعالیٰ نے آپ فرمائی ہے - یہ جماعت خدا تعالیٰ کے ہاتھ کا لگایا ہوا وہ پودا ہے جس کی تقدیر میں بڑھنا اور پھولنا لکھا جا چکا ہے۔ یہ جماعت 'قادیان' نامی چھوٹی بستی سے شروع ہوئی اور دیکھتے ہی دیکھتے 200 سے زائد ممالک میں پھیل گئی۔ یہی وہ آخرین کی جماعت ہے جس سے دین و دنیا کا امن وابستہ ہے۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ کی اس عظیم امانت کو کون سنبھالے گا؟ اس جماعت کی ترقی تو ازل سے لکھی جا چکی ہے مگر سوال یہ ہے کہ کیا ہم اس ترقی میں حصہ لینے والے بنتے ہیں یا نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعودؑ کو خوشخبری عطا فرمائی کہ اس بڑھتی ہوئی جماعت کی مدد یقیناً وہ لوگ کریں گے جنہیں ہم خود آسمان سے وحی کریں گے جیسا کہ فرمایا

يَنْصُرُكَ رِجَالٌ نُوحِي إِلَيْهِمْ مِنَ السَّمَاءِ

(تذکرہ صفحہ 712)

پس اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعودؑ کو ایسی مبارک قوم عطا فرمائی جنہوں نے دین کی خدمت کو اپنی زندگی کا مقصد بنا لیا اور ان کا وجود ان کی نسلوں کے لئے برکت کا موجب بن گیا۔ ایسے وجود خدا تعالیٰ ضرور اپنی جماعت کو عطا کرتا چلا جائے گا۔

پس کیا ہم ان مبارک لوگوں میں شامل ہونا چاہتے ہیں؟

دین کی خدمت ایسا مبارک کام ہے جس سے خدا تعالیٰ کی رضا حاصل ہو تی ہے۔ جو شخص اللہ تعالیٰ کے دین کی خدمت میں مشغول رہتا ہے اللہ تعالیٰ فرشتوں کو اس کی خدمت میں لگا دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآنِ کریم میں دین کی خدمت کو ایک ایسی تجارت کے مشابہ بیان فرماتا ہے جس سے ان کی تمام مشکلات آسان ہو جاتی ہیں اور وہ ہمیشہ کے لئے اپنے مقصد میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔ جیسا کے اللہ تعالیٰ قرآنِ کریم میں فرماتا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۞ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۞

(سورۃ الصف، آیت 11-12)

ترجمہ: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! کیا میں تمہیں ایک ایسی تجارت پر مطلع کروں جو تمہیں ایک دردناک عذاب سے نجات دے گی؟ تم (جو) اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لاتے ہو اور اللہ کے راستے میں اپنے اموال اور اپنی جانوں کے ساتھ جہاد کرتے ہو، یہ تمہارے لئے بہت بہتر ہے اگر تم علم رکھتے ہو۔

پس اے میری بھائیو! اس آیت پر غور فرمائیں۔ لوگ دنیا میں سعی کرتے ہیں، کبھی انہیں نفع پہنچتا ہے اور کبھی نقصان۔ لیکن خدا تعالیٰ ہمیں ایسی راہ کی طرف بلاتا ہے جس میں نفع ہی نفع ہے۔ اس کا نفع صرف اس دنیا تک محدود نہیں رہتا بلکہ دوسرے جہاں میں بھی کامیابی کا باعث بن جاتا ہے۔ ہمارے نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں کہ مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي سَبِيلِ اللّٰهِ كَانَتْ لَهُ نُوْرًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔ یعنی جو شخص اللہ تعالیٰ کی راہ میں خدمت کرتے ہوئے بوڑھا ہو جائے گا اُس کے لئے قیامت کے دن نُور ہو گا۔ (ترمذی کتاب فضائل الجھاد)

حضرت مسیح موعودؑ بھی اپنی قوم کو دینی خدمت کی طرف رغبت دلاتے ہوئے فرماتے ہیں:

”دوسرے وہ لوگ ہوتے ہیں جو دین کی ترقی کی فکر میں ہو جاتے ہیں۔ یہ وہ گروہ ہوتا ہے جو حزب اللہ کہلاتا ہے اور جو شیطان اور اس کے لشکر پر فتح پاتا ہے مال چونکہ تجارت سے بڑھتا ہے اس لیے خدا تعالیٰ نے بھی طلب دین اور ترقی دین کی خواہش کو ایک تجارت ہی قرار دیا۔ سب سے عمدہ تجارت دین کی ہے جو دردناک عذاب سے نجات دیتی ہے، پس میں بھی خدا تعالیٰ کے ان ہی الفاظ میں تمہیں یہ کہتا ہوں کہ هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَى تِجَارَةٍ

تُنْجِيكُمْ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ"

(ملفوظات جلد 2 صفحہ 528)

اب سوال یہ ہے کہ دین کی خدمت کیسے کی جا سکتی ہے؟ قرآنِ کریم میں دین کی خدمت کے کافی ذرائع بیان ہوئے ہیں۔ انسان مال کے ذریعہ سے دین کی خدمت کر سکتا جیسے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ کہ **مال** کے ذریعہ خدا تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرو۔ پس مال کے ذریعہ سے دین کی ضروریات پوری ہوتی ہیں اور دین کو تقویت ملتی ہے۔ پھر ہم دین کی خدمت **تبلیغ** کی ذریعہ سے بھی کر سکتے ہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ یعنی اچھی طرح پہنچادے جو تیرے ربّ کی طرف سے تیری طرف اتارا گیا ہے۔ پس تبلیغ کے ذریعہ سے نیک روحوں کو دین کی طرف رہنمائی ملتی ہے اور دین کو مزید ترقی ملتی ہے۔ جو اشخاص مال و علم میں قلت رکھتے ہیں وہ اپنے وقت کے ذریعہ سے بھی دین کی خدمت کر سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ مال کی بعد وَاَنْفُسِكُمْ فرماتا ہے یعنی جان کے ذریعہ بھی دین کی خدمت کو۔ پس ہر انسان اپنی **جان و وقت** پر ملکیّت رکھتا ہے۔ پس چاہیے کہ ہم اپنے وقت کو خدا تعالیٰ کی راہ میں خرچ کریں اور وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ میں شامل ہو جائیں۔ جو شخص اسکی بھی استطاعت نہیں رکھتا تو وہ ضرور دعا کے ذریعہ دین کی خدمت کر سکتا ہے جیسے کہ فرمایا وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ یعنی صبر اور نماز کے ساتھ مدد مانگو۔ پس کوئی بھی موقع دینی خدمت کا ہاتھ سے نہیں جانے دینا چاہیے بلکہ دین کی خدمت کے مواقع تلاش کرنے چاہیے۔ جیسے نبی ﷺ فرماتے ہیں اتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ (بخاری حدیث نمبر 1417) کہ کوئی بھی نیکی کا موقع ہاتھ سے نہ جانے دو بلکہ کھجور کے برابر نیکی کے ذریعہ سے بھی اپنے آپ کو آگ کے عذاب سے بچاؤ۔

خدمتِ دین کو اک فضلِ الٰہی جانو
اس کے بدلہ میں کبھی طالبِ انعام نہ ہو

حضرت مصلح موعودؓ اپنے اس شعر کی تشریح کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:

کبھی خدمتِ دین کر کے اس پر فخر نہیں کرنا چاہیے یہ خدا کا فضل ہوتا ہے کہ وہ کسی کو خدمتِ دین کی توفیق دے نہ بندہ کا احسان کہ وہ خدمتِ دین کرتا ہے۔ اور یہ تو حد درجہ کی بیوقوفی ہے کہ خدمتِ دین کر کے کسی بندہ پر احسان رکھے یا اس سے کسی حاصل سلوک کی امید رکھے۔ بعض لوگ دینی کاموں میں حصہ لینے سے اس خیال سے ڈرتے ہیں کہ لوگ برا کہیں گے یا ہنسی کریں گے حالانکہ خدا تعالیٰ کی راہ میں بدنام ہونا ہی اصل عزت ہے۔ اور کبھی کسی نے دینی عزت حاصل نہیں کی جب تک دنیا میں پاگل اور قابلِ ہنسی نہیں سمجھا گیا۔ (اخبار الحکم جلد 22۔ 17 اکتوبر 1920ء)

میں اپنے مضمون کا اختتام حضرت مسیح موعودؑ کے مبارک الفاظ پر کرتا ہوں، آپؑ اپنی جماعت کے افراد کو دینی خدمت کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرماتے ہیں:

"ہر ایک شخص جو اپنے تئیں بیعت شدوں میں داخل سمجھتا ہے اس کے لئے اب وقت ہے کہ اپنے مال سے بھی اس سلسلہ کی خدمت کرے۔ جو شخص ایک پیسہ کی حیثیت رکھتا ہے وہ سلسلہ کے مصارف کے لئے ماہ بہ ماہ ایک پیسہ دیوے اور جو شخص ایک روپیہ ماہوار دے سکتا ہے وہ ایک روپیہ ماہوار ادا کرے... ہر ایک بیعت کنندہ کو بقدر وسعت مدد دینی چاہیے تا خدا تعالیٰ بھی انہیں مدد دے۔ اگر بے ناغہ ماہ بہ ماہ ان کی مدد پہنچتی رہے گو تھوڑی مدد ہو تو اس مدد سے بہتر ہے جو مدت تک فراموشی اختیار کر کے پھر کسی وقت اپنے ہی خیال سے کی جاتی ہے۔ ہر ایک شخص کا صدق اس کی خدمت سے پہچانا جاتا ہے۔ عزیزو! یہ دین کے لئے اور دین کی اغراض کے لئے خدمت کا وقت ہے۔ اس وقت کو غنیمت سمجھو کہ پھر کبھی ہاتھ نہیں آئے گا۔"

(کشتی نوح، روحانی خزائن جلد ۱۹ صفحہ ۸۳)

اللہ تعالیٰ ہم سب کو دین کو دنیا پر مقدم کرنے والا بنائے اور خدا تعالیٰ کے دین کی احسن رنگ میں خدمات بجالانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

پس ہمارا سب سے اہم فرض
یہ ہے کہ اس پیغام کو
جو حضرت مسیح موعود علیہ السلام
کے ذریعہ نازل ہوا دنیا کے
کناروں تک پہنچائیں۔

(مشعل راہ جلد اول، صفحہ 346)

(الفضل 14 مارچ 1944)

بعض لوگ حماقت سے
یہ سمجھتے ہیں کہ جو
تقریر اور تحریر کرے وہی
مبلغ ہے۔ حالانکہ اسلام
تو ایک محیط کل مذہب
ہے۔ اس کے احکام کی
تکمیل کے لئے ہمیں
ہر قسم کے آدمیوں کی
ضرورت ہے۔


میں نے دیکھا ہے خدا کے ایسے بندے جو
دن رات خدمت میں مصروف ہیں ان
کو وہ آفات نہیں چھوتیں جو ان کے ساتھ
رہنے والوں کو چھوتی ہیں
(خطبات طاہر جلد17، صفحہ158)